PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

دوسرا ویمنز ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل: بنگلہ دیش نے پاکستان کو 20 رنز سے ہرادیا۔ سیریز میں دو صفر کی برتری حاصل کرلی

چٹوگرام 27 اکتوبر، 2023ء:

بنگلہ دیش ویمنز نے پاکستان ویمنز کو دوسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 20 رنز سے شکست دیدی۔

اسطرح اس نے سیریز میں دو صفر کی برتری حاصل کرلی ہے۔ یاد رہے کہ میزبان ٹیم نے پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل پانچ وکٹوں سے جیتا تھا۔

تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل اتوار کو کھیلا جائے گا۔

چٹوگرام کے ظہور احمد چوہدری اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں پاکستان ویمنز نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔

بنگلہ دیش ویمنز نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 120 رنز بنائے۔ جواب میں پاکستان ویمنز 7 وکٹوں پر 100 رنز بناسکی۔

بنگلہ دیش ویمنز کی اننگز میں شورنا اختر نے ایک چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے 27 رنز بنائے اور وہ آؤٹ نہیں ہوئیں۔ مرشدہ خاتون نے 20 رنز اسکور کیے جس میں دو چوکے شامل تھے۔

ڈیانا بیگ نے 34 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان ویمنز کی اننگز میں صرف تین بیٹرز ڈبل فگرز میں داخل ہوسکیں۔ بسمہ معروف نے 44 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 30 رنز بنائے جس میں دو چوکے شامل تھے۔

ارم جاوید 15 اور ام ہانی 14 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکیں۔ کپتان ندا ڈار 6 رنز بنا پائیں۔

ناہیدہ اختر اور رابعہ خان نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل اتوار کے روز کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور:

بنگلہ دیش ویمنز 120 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) شورنا اختر 27 ناٹ آؤٹ، مرشدہ خاتون 20، ڈیانا بیگ 34/2 وکٹ

پاکستان ویمنز 100 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) بسمہ معروف 30، ناہیدہ اختر 15/2 وکٹ، رابعہ خان 21/2 وکٹ

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial